## جعلی منشیات اسمگلنگ کے کیس میں ملوث پاکستانی خاندان کو وطن واپس پہنچنے پر الطاف حسین کی مبارکباد

## سعودی حکومت اور پاکستان میں مقیم سعودی سفیر سے اظہار تشکر

## صدر پاکستان، وزیراعظم پاکستان، وفاقی وزیرداخلہ اور ڈاکٹر فاروق ستار کو زبردست خراج تحسین

لندن۔۔۔2، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سعودی عرب میں جعلی منشیات اسمگلنگ کے کیس میں ملوث کئے گئے پاکستانی خاندان کو رہائی کے بعد وطن واپس پہنچنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم نے منشیات اسمگلنگ کے جھوٹے اور بے بنیاد کیس میں ملوث کئے گئے پاکستانی خاندان کی رہائی کے سلسلے میں جوکوششیں کی وہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر کی ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے بے گناہ پاکستانی خاندان کی رہائی کیلئے تعاون کرنے پر سعودی حکومت ، پاکستان میں مقیم سعودی عرب کے سفیر،صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک اور وفاقی وزیراوورسیز پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار کو عملی کوششیں کرنے پر زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی کاوشوں کے باعث آج ایک بے گناہ خاندان کو نہ صرف انصاف میسر آیا بلکہ وہ وطن واپس پہنچ گئے ہیں اور اب اپنے عزیزواقارب کے درمیان ہیں۔ جناب الطاف حسین نے جھوٹے منشیات اسمگلنگ کیس میں رہائی پانے والے خاندان اور ان کے ایک ایک عزیز واقارب کو دلی مبارکباد بھی پیش کی۔

## استنبول کے گورنر کی جانب سے مصطفیٰ کمال کو ایک اور اعزاز سے نوازنا الطاف حسین کی تعلیمات کا ثمر ہے، رابطہ کمیٹی

## حق پرست قیادت کے بلاتفریق ترقیاتی وتعمیراتی منصوبوں سے دنیا بھی متاثر ہے

## کراچی شہری حکومت کی کارکردگی پرحق پرست ناظم اعلیٰ مصطفیٰ کمال، نائب ناظم محترمہ نسرین جلیل ،حق پرست ٹاؤن ناظمین اوران کی پوری ٹیم زبردست خراج تحسین کی مستحق ہے

کراچی۔۔۔2، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ استنبول کے گورنر معمر گومکر کی جانب سے کراچی شہری حکومت کے حق پرست ناظم اعلیٰ سید مصطفیٰ کمال کو مسلم دنیا کا متحرک جواں سال لیڈر قرار دینا قائد تحریک جناب الطاف حسین کی بلاتفریق انسانیت کی عملی خدمت کے درس اور تعلیمات کا ثمر ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی شہری حکومت کے حق پرست ناظم اعلیٰ سید مصطفیٰ کمال، نائب ناظم محترمہ نسرین جلیل اور حق پرست ٹاؤن ناظمین ، یوسی ناظمین ،کونسلرز نے ایک ٹیم ورک کی طرح کام کیا اور شہر کراچی کے دیرینہ عوامی مسائل کو مختصر عرصے میں حل کر کے ثابت کر دیا ہے کہ حق پرست قیادت عوامی خواہشات اور امنگوں پر مکمل طور پر پورا اتر رہی ہے اور بلاتفریق عوام کو فائدہ پہنچانے والے ترقیاتی اور تعمیراتی منصوبوں کی تکمیل نے حق پرست قیادت کی شہر،صوبے اور ملک وقوم سے حب الوطنی کو اجاگر کر دیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی شہری حکومت کی حق پرست قیادت نے اپنے مختصر دور میں جس جدید، سائنسی اور تیز رفتار طریقے سے بلاتفریق تعمیراتی وترقیاتی کام کرائے ہیں اس پر پوری دنیا حیران ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یہی وجہ ہے کہ سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کے بہترین میئر کی فہرست میں شامل کئے جانے کے اعزاز کے بعد اب استنبول کے گورنر معمر گومکر کی جانب سے کراچی شہری حکومت کے ناظم اعلیٰ سید مصطفیٰ کمال کو ایک اور اعزاز سے نوازا گیا ہے جس سے حق پرست قیادت کے عزم وحوصلے میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ استنبول کی لوکل گورنمنٹ کی جانب سے کراچی ماس ٹرانزٹ، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ اور سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ کے منصوبوں میں شہری حکومت کراچی کی شراکت داری قبول کرنے اور ہر ممکن مدد وتعاون فراہم کرنے کے عمل کو شہر،صوبے اور ملک کی ترقی وخوشحالی سے تعبیر کیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کراچی شہری حکومت کی کارکردگی پر حق پرست ناظم اعلیٰ سید مصطفیٰ کمال، نائب ناظم محترمہ نسرین جلیل ،حق پرست ٹاؤن ناظمین اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کیا۔

## ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے کارکن محمد خالد قریشی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔2، اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ یوسی 5 کے کارکن محمد خالد قریشی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے کارکن محمد خالد قریشی دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔2، اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ یوسی 5 کے کارکن محمد خالد قریشی دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کر گئے۔مرحوم کی عمر 38 سال تھی اور ان کے سوگواران میں بیوہ اور چار بچے شامل ہیں۔مرحوم کو میوہ شاہ کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی شعیب ابراہیم، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین، ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے ارکان، یونٹ کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محمد خالد قریشی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کورنگی، برنس روڈ اور قصبہ علی گڑھ سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔2، اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن ذوالفقار کی والدہ محترمہ الفت بی بی، ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ 36 کے کارکن ابرار کی ہمشیرہ محترمہ سونا اور ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے کارکن محمد راشد خان غوری کے والد بابو خان کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## الطاف حسین کی مفاہمتی پالیسیاں مشعل راہ ہیں، کراچی مضافاتی کمیٹی
## کیماڑی سیکٹر میں کارکنان کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔2، اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی مفاہمتی پالیسیاں پاکستان کے سیاست دانوں کیلئے مشعل راہ ہیں۔یہ بات ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر نے کیماڑی سیکٹر کے دورے کے موقع پر کارکنان کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجتماع میں مختلف قومیتوں اور برادریوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ وہ تحریکیں کسی بھی صورت ختم نہیں کی جاسکتی جس کا قائد پہلے خود بڑھ کر قربانی دیتا ہو پھر دوسروں کو قربانی کا درس دیتا ہو اور قائد تحریک جناب الطاف حسین نے حق پرستانہ مشن، مقصد اور نظریئے کے فروغ کیلئے لازوال قربانیاں پیش کی ہیں جو ہمارے لئے مشعل راہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کو روشناس کرایا ہے اور موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ مفاہمت کی بات کی ہے جو کہ ملک کے استحکام اور سلامتی کیلئے ضروری ہے۔کراچی مضافاتی کمیٹی نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات کا بغور مطالعہ کریں اور ملکی حالات پر گہری نظر رکھیں۔

☆☆☆☆☆